پاکستان آرڈننس فیکٹریز (شعبہ مرکزی ویلفیئر) واہ کینٹ

خبر نامہ

نمبر 12 مورخہ 30-3-2021

1۔ عنوان: کرونا وائرس کی تیسری لہر اور ہماری ذمہ داری

وطن عزیز میں کرونا وائرس کی تیسری لہر کے باعث اس مرض کے مریضوں میں دن بدن اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے اور اموات کی تعداد بھی بڑھ رہی ہے۔ مقامی طور پر اس وبا کے حوالے سے دیکھیں تو پی او ایف ہسپتال سے موصولہ اعداد و شمار کے مطابق روزانہ متعدد مریضوں کا کورونا ٹیسٹ پازیٹیو آ رہا ہے جو تشویشناک ہے۔

پاکستان آرڈننس فیکٹریز وطن عزیز کا اہم اور حساس دفاعی ادارہ ہے اور اس کے کارکنان ملک وقوم کا قیمتی اثاثہ ہیں جن کی صحت و سلامتی کا تحفظ نہایت اہم ہے۔ چونکہ یہ وبا لوگوں کے ایک دوسرے کے قریب بیٹھنے اور سماجی فاصلے کی پابندی اختیار نہ کرنے کے باعث پھیل رہی ہے لہذا پی او ایف انتظامیہ نے تمام فیکٹریز اور دیگر شعبہ جات میں قائم کینٹینیں تا حکم ثانی بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تمام فیکٹریز/گروپس کی انتظامیہ سے گذارش کی جاتی ہے کہ اس سلسلے میں فوری ہدایات جاری کرے اور اس پابندی کا یقینی اطلاق کروائے۔ تمام فیکٹریز/گروپس کی انتظامیہ کو چاہیے کہ اپنے ملازمین کی تعداد کے مطابق سینیٹائزر ایکسپلوسوز فیکٹری سے حاصل کرے جبکہ ماسک کے حصول کے لیے کلودنگ فیکٹری سے رابطہ کرے اور ایڈمن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے جو معلوماتی کتابچے تمام فیکٹریز/گروپس کے سربراہان کو ارسال کیے گئے تھے ان کے مندرجات ملازمین کی معلومات کے لیے نوٹس بورڈز پر آویزاں کرے۔

علاوہ ازیں تمام لوگوں کو ایک بار پھر مطلع کیا جاتا ہے کہ اس خطرناک وائرس سے بچاؤ کے لیے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر کو سنجیدگی سے اختیار کریں۔

- ☆ دفاتر اور فیکٹریز میں ہر صورت میں ماسک کا استعمال یقینی بنائیں۔
- ☆ دفاتر اور فیکٹریز کے واش رومز کی باقاعدہ صفائی کو یقینی بنایا جائے اور ان میں صابن کی روزانہ فراہمی برقرار رکھی جائے۔
- ☆ دفاتر اور فیکٹریز میں سینیٹائزر کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔
- ☆ تمام فیکٹریز کی انتظامیہ/ ویلفیئر آفیسرز گیٹس سے داخلہ کے وقت ملازمین کے جسمانی ٹمپریچر کی چیکنگ کو یقینی بنائیں۔
- ☆ تمام مقامات پر موجود لوگ ہجوم کی صورت اختیار نہ کریں اور ایک دوسرے سے مناسب فاصلے پر رہیں۔
- ☆ ہاتھ ملانے اور گلے ملنے سے گریز کریں اور اپنے ہاتھوں کو صابن یا سینیٹائزر سے صاف کرتے رہیں۔
- ☆ گلی اور محلوں میں لوگ ایک دوسرے کو ماسک پہننے کی تاکید کریں۔
- ☆ گھر کے بچوں اور بڑوں کو ماسک پہنے بغیر باہر نہ جانے دیں۔
- ☆ دکاندار بغیر ماسک والے گاہک کو کوئی چیز فروخت نہ کریں۔
- ☆ مسجدوں اور سکولوں میں کورونا وائرس کے SOPs کا خصوصی اہتمام کریں۔

(ورق اُلٹیے)

2۔عنوان: **<u>پرائم منسٹر ہاؤسنگ سکیم حویلیاں کے باقی ماندہ/ خالی رہ جانے والے 2 ایف ٹائپ پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے لیے ڈرافٹ سنیارٹی لسٹ کا اجراء</u>**

پرائم منسٹر ہاؤسنگ سکیم حویلیاں میں 2 خالی ایف ٹائپ، پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے لیے پی او ایف آفیسرز گریڈ 17 اور 18 سے بذریعہ پی او ایف خبرنامہ نمبر 5 مورخہ 3 فروری 2021 کے تحت درخواستیں مانگی گئی تھیں۔خواہش مند آفیسرز کی درخواستوں کی ضروری جانچ پڑتال کے بعد ڈرافٹ سنیارٹی لسٹ بنائی گئی ہے جو آگاہی و درستگی کے لیے پی او ایف کی ویب سائٹ www.pof.gov.pk اور پی او ایف آفیشیم پر جاری کر دی گئی ہے۔ملازمین خبرنامہ ہذا کی اشاعت سے 15 دن کے اندر اپنے اندراج کے متعلق درستگی کے لیے ضروری مصدقہ نقول کے ہمراہ ہاؤسنگ کالونیز سیل سی او فور میں رابطہ کریں۔مقررہ تاریخ کے بعد حتمی سنیارٹی لسٹ جاری کر دی جائے گی جس پر پلاٹوں کی الاٹمنٹ مکمل کر دی جائے گی۔

نوٹ: **مقررہ تاریخ کے بعد کوئی اعتراض و درستگی ہرگز نہ کی جائے گی اور نہ ہی اس بابت کوئی عذر قبول کیا جائے گا۔**

<u>(اتھارٹی برائے اشاعت خبرنامہ ہذا 4120/PMHS-Hvn/HCC/Admin)</u>

<u>متعلقہ دفتر: ہاؤسنگ کالونیز سیل</u>

÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷

(جھانگیر احمد جتوئی)

مینیجر ، مرکزی ویلفیئر، پی او ایف واہ کینٹ

<u>(No.Wah-1136-170-Welfare)</u>

Merit list of Allotment of leftover/vacant plots in PMHS Havelian

(02 x F-Type plots)

POF Officers BS-17 & 18 Serving (Direct Induction Quota from 31-10-17 to 25-7-19)

Sr #	Name of Officer	Pl #	Design	Fy/ Group	D.o.B	D.o.A	Cutt of Date	Service	Army Services	LESS (EOL)	Less (under age)	Net Qualifying Service up to 25/7/2019 (Less/Add= EOL, U/age, Army Svs etc)
	M/s				M,D,Y	M,D,Y	M,D,Y		Y,M,D	Y,M,D	Y,M,D	Y,M,D
1	Raheel Anjum	987677	Mgr	POFIT	2/25/1967	5/10/1999	7/25/2019	20Y,2M,15D	0	0	0,0,0	20Y,2M,15D
2	Muhammad Nawaz Jamali	988097	Mgr	Admin	1/1/1973	10/11/1999	7/25/2019	19Y,9M,14D	0	0	0,0,0	19Y,9M,14D
3	Amjad Ishaq	98848	Mgr	Svc	9/1/1977	7/21/2001	7/25/2019	18Y,0M,4D	0	0	0,0,0	18Y,0M,4D
4	Nazir Ahmed	989004	Mgr	POF Sjl	9/15/1975	2/14/2002	7/25/2019	17Y,5M,11D	0	0	0,0,0	17Y,5D,11D
5	Wajida Naveed	989434	Mgr	DCW	1/1/1976	4/30/2003	7/25/2019	16Y,2M,25D	0	0	0,0,0	16Y,2D,25D

Establishment Officer
Housing Colonies Cell
P.O.F Wah Cantt